لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶ صفر سنہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۱۶ اگست سنہ ۱۹۲۶ء	نمبر ۳۳

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم مورخہ ۱۷ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

قبل ازیں کاغذات متعلق پر ولایتی گھی کی فروخت کی ممانعت ہو چکی ہے - پھر حکم دیا جاتا ہے کہ ولایتی گھی کی فروخت کی اجازت نہیں ہو سکتی - یہاں فروخت نہ کیا جائے - جیسے ولایتی گھی کے جو زیر تحفظ ہیں انکو واپس کر دیا جائے اور انتظام کر دیا جائے کہ یہاں نہ فروخت ہونے پائیں - جملہ کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس ارسال ہوں -

بحسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم ۱۷ر جولائی ۱۹۲۶ء اجلاس ہمایون حضور معلے دام اقبالہم وملکہم تحصیلدار حضور تحصیل کے پاس بھیجا گیا تھا - پیچے گھی ولایتی تحفظ شد تحصیلدار مالکان کو واپس کرکے اور شہر سے باہر لیجانیکا انتظام کرکے رپورٹ بھیجدی - لہذا اب بنشار حکم بندگان عالی رقمزدہ ۱۰ر جولائی ۱۹۲۶ء احکام ضابطہ جاری ہوں۔ تحصیل سے نگرانی رکھی جائے کہ ولایتی گھی شہر میں فروخت ہونے پائے - پولیس سے بھی نگرانی رکھی جائے - ایک نقل بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہو تحصیل سے جلد دکانداران گھی فروش کو بھی بنشار حکم بندگان عالی اطلاع دیجائے - ایک نقل حکم بندگان عالی درج گزٹ ہو - ایک نقل فائل تک اجلاس میں چسپان ہو -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۹ر جولائی ۱۹۲۶ء

صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو جو اختیارات بموجب احکام مجریہ سابقہ حاصل ہیں انمیں کسی مزید حکم کی ضرورت نہیں البتہ جبکہ معطلی ملازمان اور برخاستگی ساٹھ روپیہ تک کی انکے اختیارات میں ہے - تو بحالی ملازمان اور تقرر ساٹھ روپیہ تک کے ملازمان کے اختیارات بھی حسب تحریر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منظور کئے جاتے ہیں -

(۲) کورٹ انسپکٹر پر جرمانہ کے متعلق مینول پولیس ۱۸۰۹ء دفعہ (۳۰) حرف (ج) کی عبارت (صاحب مجسٹریٹ ضلع کا اتفاق اور منظوری بھی ضروری ہے) حسب تحریر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر اس عبارت کی ضرورت نہیں ہے - اصل کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں - ایک نقل اس حکم کی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس بھیجی جائے -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بنشار حکم بندگان عالی حضور معلے دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ صادر ہے جاری ہوں - ایک ایک نقل بخدمت بخشی صاحب فوج وصاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بھیجی جائے - ۷ اعمال نامہ جات

مینول پولیس ذریعہ نقل حکم بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر مرسل ہو اور لکھا جائے کہ ایک مینول پولیس سررشتہ پولیس میں زائد ہو تو اجلاس ہذا میں رکھنے کے لئے بھیجدیا جائے - ۳ر اگست ۱۹۲۶ء دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

مکرر یہ کہ ساٹھ روپیہ کے تنخواہ دار کا صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس تقرر کیا کریں - تو انکی اطلاع اجلاس ہذا میں دیجایا کرے - تاریخ وسنہ صدر

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر -

مکرر یہ کہ رخصت سب انسپکٹران وغیرہ کو جو صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس دیتے ہیں انکی اطلاع جسطرح ابتک صاحب سپرنٹنڈنٹ دیا کرتے ہیں آیندہ دیا کریں - تاریخ وسنہ صدر

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۰ر جولائی ۱۹۲۶ء

سب اسسٹنٹ سرجنوں کی اسکیم ترقی تنخواہ مجوزہ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر منظور ہے - پچاس تا اسی روپیہ گریڈ قایم کیا جاتا ہے - ابتدائی تقرر پچاس روپیہ پر ہوگا - اور انتہائی تنخواہ اسی روپیہ ہوگی - ہر تین سال گزرنے پر پانچ روپیہ اضافہ دیا جائیگا - تاکہ انتہائے تنخواہ اسی روپیہ ہوجائے -

جو سب اسسٹنٹ سرجن اسوقت پچاس روپیہ سے زائد تنخواہ پارہے ہیں انکی اصل تنخواہ پچاس روپیہ قایم کیجائے - اور بقیہ رقم اسپیشل الاونس شمار ہوگی - تین سال گزرنے پر رقم اضافہ جو ملیگی اسیقدر انکے الاونس سے کم ہوتی رہیگی - جملہ کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں - جو سب اسسٹنٹ سرجن بالفعل پچاس روپیہ تنخواہ پارہے ہیں وہ اس اسکیم کے ذریعہ سے بالفعل کسی اضافے کے مستحق نہونگے بلکہ تین سال گزرنے کے بعد مثل جدید ملازم کے اضافہ پائینگے - المرقوم ۲ر اگست ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار محکمہ دار الانشا اجلاس اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۳ جولائی ۱۹۲۶ء

بموجب روبکار مورخہ ۱۸ اکتوبر ۱۹۲۳ء رامپور پائنیرز۔ رامپور لانسرز رامپور انفنٹری اور گورکھا کمپنی کے مقرر ہونے کی حوالگی ریاست کو ہونا قرار پایا تھا۔ چونکہ رامپور پائنیرز کا نام فرسٹ رامپور انفنٹری اور رامپور انفنٹری کا نام سکنڈ رامپور انفنٹری رکھا گیا ہے لہذا روبکار مذکور الصدر کی تصحیح منظور ہوئی اب زمرہ ہائے ذیل کے مقرر حوالہ ریاست ہوا کرینگے

(۱) فرسٹ رامپور انفنٹری۔

(۲) رامپور لانسرز۔

(۳) سکنڈ رامپور انفنٹری۔

(۴) گورکھا کمپنی

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳ اگست ۱۹۲۶ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے جسب صراحت رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر بوجہ رخصت ڈاکٹر این۔ کے دہر اسسٹنٹ سرجن بقدر رخصت ذیل انتظام کی عارضی طور پر منظوری دیجاتی ہے۔

(۱) ڈاکٹر مسٹر پیاریلال سب اسسٹنٹ سرجن کو بجائے ڈاکٹر این کے دہر اسسٹنٹ سرجن مقرر کیا جائے۔

(۲) بجائے ڈاکٹر مسٹر پیاریلال ڈاکٹر احمد علی خان ہیلتہ افیسر کو مامور کیا جائے پچیس روپیہ ماہانہ الاونس شفاخانہ سے ملیگا۔ منجانب میونسپلٹی سے جو الاونس ہیلتہ افیسر کو ملتا ہے وہ اس زمانہ مین نہین ملیگا۔

(۳) بجائے احمد علی خان ہیلتہ افیسر کے ڈاکٹر محمد اعظم سب اسسٹنٹ سرجن کو ہیلتہ افیسر بنایا جائے۔ اور پچیس روپیہ ماہانہ الاونس اُس زمانہ مین میونسپلٹی سے لے۔

یہ انتظام عارضی ہوگا۔ اور ہر شخص اپنی اپنی تنخواہ پائیگا۔ کاغذات بغرض کارروائی اجرا احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منشا حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون۔ اس عارضی انتظام کا عملدرآمد ڈاکٹر این کے دہر کے تاریخ استفادۂ رخصت سے ہوگا۔

۸ اگست ۱۹۲۶ء۔ دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۴ اگست ۱۹۲۶ء

بموجب رپورٹ منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذ بغرض اجراے احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض — تیر ساعد

جناب عالی

مولوی عبد الوہاب خان حسب الحکم اجلاس ہمایون مرقومہ ۲۹ مئی ۱۹۲۱ء درجۂ حدیث مدرسۂ عالیہ مین مولوی سید احمد صاحب اول مدرس درجۂ مذکور کے عوض مقرر فرمائے گئے تھے اور منجملہ ۔ تنخواہ مولوی سید محمد صاحب کے ۔ مولوی عبد الوہاب خان عوض کے مقرر فرمائے گئے تھے۔ مولوی عبد الوہاب خان سے درجۂ حدیث کا کام نہ چلنے کی جناب ڈاکٹر صاحب مدرسہ عالیہ کو بار بار شکایت رہی۔ لہذا اب ترقی تنخواہ کی تحریک پر قاضی صاحب شہر نے بجائے مولوی عبد الوہاب خان کے مولوی محمد یوسف صاحب کے عوض مقرر فرمانیکی استدعا کی ہے۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایون ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد

[illegible]

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲۰ اگست ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

یکم اگست ۱۹۲۶ء

منشا رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارہ موقوفی منشی ریاض الحسن

انسپکٹر قانونگویان بوجہ نہ ہونے کام مع درخواست رخصت مزید یکماہ ریاض الحسن مذکور۔

حکم

رخصت یکماہ مزید ریاض الحسن انسپکٹر بوضع تنخواہ منظور ہوئی۔ چونکہ ابھی کام بندوبست جدید ختم نہیں ہوا ہے۔ لہذا ابھی کارروائی تخفیف کی ضرورت نہیں ہے
نقل حکم بخدمت صاحب مہتمم بندوبست، بخشی صاحب فوج مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳ راگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثل یادداشت صاحب جج دربارہ منظوری رخصت مزید پندرہ یوم مظہر حسین خان نقلنویس بوجہ علالت بکارگزاری برکت حسین نقلنویس [illegible]

حکم

رخصت مزید پندرہ یوم مظہر حسین خان نقلنویس کی حسب رائے صاحب جج منظور ہوئی۔ کام کا انتظام صاحب موصوف کی رائے کے مطابق ہوگا۔
احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۴ راگست سنہ ۱۹۲۶ء

عبدالحمید مدرس پڑوائی تحصیل شاہ آباد یکم ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء سے اپنی موجودہ تنخواہ پر مستقل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۶ راگست سنہ ۱۹۲۶ء

ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول کی رخصت چار روزہ من ابتداء ۸ لغایت ۱۱ راگست سنہ ۱۹۲۶ء منظور کی گئی۔ ایام رخصت میں ماسٹر کشن گوپال بی۔ اے۔ انچارج رہینگے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۹ راگست سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس، مولوی غلام حضرت خان مدرس اول مدرسہ راجدوارہ کی رخصت ایک ماہ تا انتظام سابقہ ۸ راگست سنہ ۱۹۲۶ء سے منظور کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۹ راگست سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے عبدالہادی خان مدرس جونیئر تحصیل بلاسپور بوجہ چھوڑ دینے مدرسہ ۴ رجولائی سنہ ۱۹۲۶ء یوم تقرر سے برخاست کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اعلان مطبع ریاست

مطبع ریاست میں انگریزی و اردو نئے حروف آگئے ہیں۔ ان حروف کی چھپائی صاف و عمدہ ہوگی۔ لہذا جملہ دفاتر سرکاری بموجب حکم حضور معلےٰ دام اقبالہم و ملکہم مطبع ہذا میں کام طبع کو بھیجیں۔ دوسری جگہ طبع کرانیکی ضرورت نہیں۔
نیز پبلک کا کام بھی بہت خوبی سے انجام پائیگا۔

نقشہ بارش ریاست رامپور - من ابتدائے ۳ اگست لغایتہ ۹ اگست ۱۹۲۶ء

تاریخ و دن	تحصیل عالیہ تعداد روزانہ	تحصیل عالیہ مجموعی	تحصیل بلاسپور تعداد روزانہ	تحصیل بلاسپور مجموعی	تحصیل سوار تعداد روزانہ	تحصیل سوار مجموعی	تحصیل شاہ آباد تعداد روزانہ	تحصیل شاہ آباد مجموعی	تحصیل ملک تعداد روزانہ	تحصیل ملک مجموعی	تحصیل ٹانڈہ تعداد روزانہ	تحصیل ٹانڈہ مجموعی
۳ اگست ۱۹۲۶ء روز سہ شنبہ	۰	۲۸۱	۱½	۳۴۸	۰	۳۴۵	۰	۲۰۶	۲	۴۰۷	۹	۳۰۵
۴ اگست ۱۹۲۶ء روز چہارشنبہ	۰	۲۸۱	۰	۳۴۸	۷	۳۵۲	۰	۲۰۶	۰	۴۰۷	۰	۳۰۵
۵ اگست ۱۹۲۶ء روز پنجشنبہ	۴	۲۸۵	۰	۳۴۸	۰	۳۵۲	۰	۲۰۶	۰	۴۰۷	۱	۳۰۶
۶ اگست ۱۹۲۶ء روز جمعہ	۰	۲۸۵	۰	۳۴۸	۰	۳۵۲	۰	۲۰۶	۰	۴۰۷	۱	۳۰۷
۷ اگست ۱۹۲۶ء روز شنبہ	۰	۲۸۵	۰	۳۴۸	۳	۳۵۴	۰	۲۰۶	۱	۴۰۸	۱	۳۰۸
۸ اگست ۱۹۲۶ء روز یکشنبہ	۰	۲۸۵	۰	۳۴۸	۰	۳۵۴	۰	۲۰۶	۰	۴۰۸	۰	۳۰۸
۹ اگست ۱۹۲۶ء روز دوشنبہ	۰	۲۸۵	۰	۳۴۸	۰	۳۵۴	۰	۲۰۶	۰	۴۰۸	۰	۳۰۸

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۰ اگست لغایتہ ۱۶ اگست ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ سیر	۰	۶ سیر	۶ سیر	۶ سیر	۶ سیر	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خاص	۶ سیر	۰	۷ سیر	۷ سیر	۷ سیر	۷ سیر	
نخود شکستہ	۷ سیر	۰	۷ سیر	۷ سیر	۷ سیر	۷ سیر	
[illegible]	۷ سیر	۰	۷ سیر	۷ سیر	۰	۷ سیر	
ماش	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۴ سیر	[illegible]	
مونگ	۴ سیر	۰	۰	۰	۴ سیر	۴ سیر	
مکا	۷ سیر	۰	۷ سیر		۰	۶ سیر	
جوار	۷ سیر	۰	۰	۸ سیر	۱۱ سیر	۱۰ سیر	
کوتکی	۸ سیر	۰	۰	۷ سیر	۱۰ سیر	۷ سیر	
عدس	۶ سیر	۰	۰		۰	۶ سیر	
ارہر	۶ سیر	۰	۰		۷ سیر	۶ سیر	
برنج	۴ سیر	۰	۰	۴ سیر	۰	۴ سیر	
روغن زرد	[illegible] چھٹانک	۰	[illegible] چھٹانک	۰ سیر	[illegible] چھٹانک	[illegible] چھٹانک	
روغن سیاہ	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	[illegible]	
نمک سانبھر	[illegible]	۰	۱۲ سیر	[illegible]	[illegible]	۱۲ سیر	
نمک [illegible]	[illegible]	۰	۶ سیر			۸ سیر	
قند سیاہ	۳ سیر	۰	۳ سیر	۳ سیر	۳ سیر	۳ سیر	
باجرہ	۳ سیر	۰	۰	۰	۰	۶ سیر	

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری جون سنہ ۱۹۲۶ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہنود	عورت: مسلمان	عورت: ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۶ سال تک: مسلمان	ہنود	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مسلمان	ہنود	۱۲ سال سے زیادہ: مسلمان	ہنود	میزان: مسلمان	میزان: ہنود	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	[illegible]	بخار	[illegible]	[illegible]	طاعون	[illegible]	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۷	۹	۱۲	۳	۵۱	۳۹	۱۲	۲۰	۱۹	۱	۰	۲۰	۱۶	۴۱	۳۵	۵۷	۱۶	۰	۶	۰	۵۰	۰	۰	۰	۷۶	
گنج	۱۷	۱	۹	۱۲	۲۹	۲۶	۳	۱۴	۱۲	۲	۶	۱۹	۲۱	۲۵	۳۹	۵۵	۹	۰	۰	۰	۶۴	۰	۰	۰	۶۴	
حوالی شہر	۳	۴	۵	۳	۱۵	۸	۷	۴	۵	۱	۱۰	۴	۲	۱۱	۸	۱۳	۶	۰	۰	۱۹	۰	۰	۰	۰	۱۹	
عظیم نگر	۱۷	۸	۱۲	۷	۴۴	۲۹	۱۵	۲۰	۱۰	۲	۴	۱۰	۱۳	۳۲	۲۷	۳۶	۲۳	۰	۶	۵۲	۰	۱	۰	۰	۵۹	
شاہ آباد	۱۳	۲۴	۱۰	۲۷	۷۳	۲۳	۵۰	۹	۶	۳	۳	۱۷	۱۷	۲۹	۲۶	۲۰	۲۵	۰	۵	۴۴	۰	۰	۰	۹	۵۵	
[illegible]	۳	۱۱	۰	۷	۲۱	۳	۱۹	۴	۸	۰	۰	۱۰	۳	۱۴	۱۱	۶	۱۹	۰	۱۰	۰	۱۵	۰	۰	۰	۲۵	
ملک	۷	۲۳	۳	۱۸	۵۱	۱۰	۴۱	۳۰	۱۶	۲	۳	۳۲	۱۸	۶۴	۳۷	۱۵	۸۶	۰	۲	۰	۸۱	۰	۰	۰	۱۰۱	
بلاسپور	۹	۸	۵	۱۱	۳۳	۱۴	۱۹	۸	۵	۲	۱	۳۲	۲۱	۴۲	۲۷	۳۶	۳۳	۰	۰	۶۹	۰	۰	۰	۰	۶۹	
کیمری	۱۳	۱۶	۱	۴	۳۴	۱۴	۲۰	۶	۷	۲	۰	۱۰	۹	۱۸	۲۷	۱۸	۱۴	۰	۴	۰	۲۹	۱	۰	۰	۳۴	
سوار	۱۵	۱۰	۹	۲	۴۰	۲۴	۱۶	۶	۵	۲	۱	۱۹	۱۰	۲۷	۱۶	۲۸	۱۵	۰	۱	۰	۴۲	۰	۰	۰	۴۳	
ٹانڈہ	۲۰	۱۴	۱۴	۱۸	۶۶	۳۴	۳۲	۴۵	۱۶	۰	۳	۱۳	۱۰	۲۸	۳۵	۳۶	۲۱	۰	۴	[illegible]	۵۳	۰	۰	۰	۵۷	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	